**CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS**

**General Certificate of Education Advanced Subsidiary Level and Advanced Level**

# URDU

# 8674/4, 9686/4

PAPER 4 Texts

**MAY/JUNE SESSION 2002**

2 hours 30 minutes

Additional materials:
Answer paper

**TIME** 2 hours 30 minutes

## INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

Write your name, Centre number and candidate number in the spaces provided on the answer paper/ answer booklet.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose one question from Section 1, one from Section 2 and one other.

Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.

You should write between 500 and 600 words for each answer.

If you use more than one sheet of paper, fasten the sheets together.

## INFORMATION FOR CANDIDATES

Dictionaries are not permitted.

All questions in this paper carry equal marks.

You may take unannotated set texts into the examination.

You are advised to divide your time equally between your answers.

وقت: دو گھنٹے تیس منٹ

## امیدواروں کے لئے ہدایات

جواب لکھنے کی کاپی میں مہیا کی گئی جگہوں پر اپنا نام، سنٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر لکھیں ۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے ، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے ۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے ۔

جواب لکھنے کے لئے مہیا کی گئی علیحدہ کاپی پر اپنے جوابات اردو میں تحریر کریں ۔

آپ کا ہر جواب پانچ سو سے چھ سو الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے ۔

اگر آپ ایک سے زیادہ جوابی کاپیوں کا استعمال کریں ، تو انہیں مضبوطی سے ایک دوسرے سے نتھی کر دیں ۔

## امیدواروں کے لئے معلومات

لغت ( ڈکشنریاں ) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے ۔

اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں ۔

آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو ۔

آپ کو جوابات تحریر کرنے کے لئے وقت کی مساوی تقسیم کا مشورہ دیا جاتا ہے ۔

**This question paper consists of 7 printed pages and 1 blank page.**



© CIE 2002



UNIVERSITY of CAMBRIDGE
Local Examinations Syndicate


[Turn over

## Section 1

**1** "Shatranj kay khilari" Prem Chand

۱- پریم چند، شطرنج کے کھلاڑی

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں ۔

(الف)

| |
|---|
| نواب واجد علی شاہ معزول کر دیے گئے تھے اور فوج انہیں گرفتار کیے لیے جاتی تھی۔ شہر میں کوئی ہنگامہ نہ ہوا، نہ کشت و خون، یہاں تک کہ کسی جانباز نے ایک قطرہ خون بھی نہ بہایا۔ نواب گھر سے اس طرح رخصت ہوئے جیسے لڑکی روتی پیٹتی سسرال جاتی ہے۔ بیگمیں روئیں، مامائیں مغلانیاں روئیں اور بس سلطنت کا خاتمہ ہوگیا۔ ازل سے کسی بادشاہ کی معزولی اتنی صلح آمیز، اتنی بے ضرر نہ ہوئی ہوگی۔ کم از کم تاریخ میں اس کی نظیر نہیں۔ یہ وہ اہنسا نہ تھی جس پر ملائک خوش ہوتے ہیں۔ یہ وہ پست ہمتی، وہ نامردی تھی جس پر دیویاں روتی ہیں ۔ لکھنؤ کا فرمانروا قیدی بنا چلا جاتا تھا اور لکھنؤ عیش کی نیند میں مست تھا۔ یہ سیاسی زوال کی انتہائی حد تھی۔ |

(i) مصنف نے نواب واجد علی شاہ کی معزولی اور گرفتاری کو سیاسی زوال کی انتہائی حد کیوں قرار دیا ہے ؟

(ii) واجد علی شاہ کی گرفتاری پر میر صاحب اور مرزا جی کا ردعمل کیا تھا ؟

(iii) انگریزی فوجوں کی لکھنؤ آمد کے موقع پر دونوں دوستوں ( میر صاحب اور مرزا جی ) کی مصروفیات کیا تھیں ؟

یا

(ب) " مرزا سجاد علی اور میر روشن علی محض افسانوی کردار نہیں بلکہ اپنے دور کی تہذیب و تمدن کی بھرپور نمائندگی کرتے ہیں۔ " اس بیان کی روشنی میں دونوں کرداروں کا تفصیل سے جائزہ لیجیے ۔

[25]

**2** “Chouthi ka jorha” Ismat Chughtaai

۲۔ عصمت چغتائی، چوتھی کا جوڑا

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں ۔

(الف)

صبح کی گاڑی سے راحت مہمان نوازی کا شکریہ ادا کرتا ہوا روانہ ہو گیا ۔ اس کی شادی کی تاریخ طے ہو چکی تھی اور اسے جلدی تھی۔

اس کے بعد اس گھر میں کبھی انڈے نہ تلے گئے ۔ پراٹھے نہ سکے اور سوئٹر نہ بنے گئے ۔دق نے جو ایک عرصے سے بی آپا کی تاک میں بھاگی پیچھے پیچھے آ رہی تھی ، ایک ہی جست میں انہیں دبوچ لیا اور انہوں نے چپ چاپ اپنا نامراد وجود اس کی آغوش میں سونپ دیا ۔

اور پھر اس سہ دری میں چوکی پر صاف ستھری جازم بچھائی گئی ۔ محلے کی بہو بیٹیاں جڑیں۔ کفن کا سفید سفید لٹھا موت کے آنچل کی طرح بی اماں کے سامنے پھیل گیا۔ تحمل کے بوجھ سے ان کا چہرہ لرز رہا تھا ۔ بائیں ابرو پھڑک رہی تھی ۔ گالوں کی سنسان جھریاں بھائیں بھائیں کر رہی تھیں جیسے ان میں لاکھوں اژدھے پھنکار رہے ہوں ۔

(i) راحت کی روانگی سے پہلے کیا واقعہ پیش آیا ؟

(ii) آپا بی (کبریٰ) کی موت کی حقیقی وجوہات کیا تھیں ؟

(iii) کبریٰ کی موت پر بی اماں کے جذبات کیا تھے ؟

یا

(ب) ’ چوتھی کا جوڑا ‘ میں عصمت چغتائی نے متوسط طبقے کے مسلم گھرانوں کی لڑکیوں کی شادی کے مسئلے پر اس مہارت سے قلم اٹھایا ہے کہ افسانہ ایک زندہ اور حقیقی تصویر میں تبدیل ہو گیا ہے ۔ اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجئے ۔

[25]

**3** "Tobah Tek Singh" Sa'adat Hasan Minto

۳- سعادت حسن منٹو ،ٹوبہ ٹیک سنگھ

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں ۔

(الف)

پاگلوں کی اکثریت اس تبادلے کے حق میں نہیں تھی ۔ اس لئے کہ ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ انہیں اپنی جگہ سے اکھاڑ کر کہاں پھینکا جا رہا ہے ۔ وہ چند جو کچھ سوچ سمجھ سکتے تھے، " پاکستان زندہ باد " اور "پاکستان مردہ باد " کے نعرے لگا رہے تھے ۔ دو تین مرتبہ فساد ہوتے ہوتے بچا ، کیونکہ بعض مسلمانوں اور سکھوں کو یہ نعرے سن کر طیش آ گیا تھا ۔

جب بشن سنگھ کی باری آئی اور واہگہ کے اس پار متعلقہ افسر اس کا نام رجسٹر میں درج کرنے لگا ، تو اس نے پوچھا " ٹوبہ ٹیک سنگھ کہاں ہے —— پاکستان میں یا ہندوستان میں ؟ "
متعلقہ افسر ہنسا " پاکستان میں "
یہ سن کر بشن سنگھ اچھل کر ایک طرف ہٹا اور دوڑ کر اپنے باقی ماندہ ساتھیوں کے پاس پہنچ گیا ۔

(i) پاگلوں کی اکثریت اس تبادلے کے حق میں کیوں نہ تھی ؟
(ii) ٹوبہ ٹیک سنگھ سے بشن سنگھ کے جذباتی تعلق کے بارے میں تفصیل سے لکھیے ۔
(iii) درج بالا عبارت میں دیئے گئے واقعہ کے بعد بشن سنگھ پر کیا بیتی ؟

یا

(ب) ' ٹوبہ ٹیک سنگھ ' کے مرکزی کردار بشن سنگھ کا تجزیہ کرتے ہوئے افسانے کے بارے میں اپنے خیالات تفصیل سے قلم بند کیجئے ۔

[25]

**4** “Garram Kote” Rajinder Singh Bedi

۴- راجندر سنگھ بیدی، گرم کوٹ

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں ۔

(الف)

> ہاتھ دھونے کے بعد جب پیسوں کے لئے جیب ٹٹولی تو اس میں کچھ بھی نہ تھا ۔ دس کا نوٹ کہیں گر گیا تھا !
>
> کوٹ کی اندرونی جیب میں ایک بڑا سوراخ ہو رہا تھا ۔ نقلی ریشم کو ٹڈیاں چاٹ گئی تھیں ۔ جیب میں ہاتھ ڈالنے پر اس جگہ جہاں " مرانجا مرانجا اینڈ کمپنی " کا لیبل لگا ہوا تھا میرا ہاتھ باہر نکل آیا ۔ نوٹ وہیں سے باہر گر گیا ہو گا ۔
>
> ایک لمحے میں یوں دکھائی دینے لگا جیسے کوئی بھولی سی بھیڑ اپنی خوبصورت پشم اتر جانے پر دکھائی دینے لگتی ہے ۔ حلوائی بھانپ گیا ، خود ہی بولا " کوئی بات نہیں بابو جی —— پیسے کل آجائیں گے ۔ "
>
> میں کچھ بولا —— کچھ بول ہی نہ سکا ۔
>
> صرف اظہار تشکر کے لئے میں نے حلوائی کی طرف دیکھا ۔

(i) دس کا نوٹ گم ہونے پر مصنف کے جذبات کیا تھے ؟

(ii) دس کے نوٹ سے مصنف کی کون سی خواہشات وابستہ تھیں ؟

(iii) مصنف اور اس کی بیوی شمی میں سے کون زیادہ مخلص تھا ؟

یا

(ب) ' گرم کوٹ ' ایک ایسے کلرک کی آپ بیتی ہے جسے اس کی وفاشعار بیوی نے سچی محبت کی لازوال کہانی بنا دیا ہے ۔ شمی کے کردار کی روشنی میں اس بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے ۔

[25]

## Section 2

**5** “UMRAAO JAN ADA” MIRZA RUSWA

۵- مرزا رسوا، امراؤ جان ادا

(الف) فیض علی سے محبت نہ ہونے کے باوجود امراؤ جان نے اس کی دِل جوئی اور ظاہر داری میں کسی طرح کمی نہیں کی ۔ واقعات کے حوالے سے امراؤ جان اور فیض علی کے تعلقات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے ۔

یا

(ب) ' امراؤ جان ادا ' میں مرزا رسوا نے لکھنؤ کی تہذیبی زندگی کے اچھے اور برے پہلوؤں کو بڑی خوبصورتی سے اجاگر کیا ہے ۔ اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار مثالیں دے کر کیجیے ۔

[25]

**6** “MIR’AAT UL UROOS” NAZIR AHMED

۶- نذیر احمد، مراۃ العروس

(الف) ' مراۃ العروس ' میں محمد عاقل اور محمد کامل کے کرداروں کا تفصیلی موازنہ کرتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کیجیے کہ دونوں بھائیوں میں سے کس کا کردار حقیقی زندگی کے زیادہ قریب ہے ۔

یا

(ب) ' مراۃ العروس ' کی تصنیف کا مقصد امور خانہ داری اور اخلاق کی تعلیم دینا ہے ۔ مقصد کی وضاحت کے لئے قصّے کا انجام ابتدا ہی میں ظاہر کر دیا گیا ہے جس سے بقیہ قصّے میں کوئی دلچسپی باقی نہیں رہتی ۔ اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے ۔

[25]

**7** “ANAR KALI” IMTIAZ ALI TAJ

۷- امتیاز علی تاج، انارکلی

(الف) انارکلی اور دل آرام کے کرداروں کا تفصیلی موازنہ کرتے ہوئے بتایئے کہ آپ کے نزدیک کون سا کردار حقیقی زندگی کے زیادہ قریب ہے ۔

یا

(ب) ’ انارکلی ‘ میں آپ کو کون سا کردار زیادہ پسند ہے اور کیوں ؟ تفصیل سے لکھیے ۔

[25]

**8** “DILLI KI SHAM” AHMED ALI

۸- احمد علی ، دلی کی شام

(الف) ’ دلی کی شام ‘ کی ساری کہانی میر نہال کے گرد گھومتی ہے ۔ واقعات کے حوالے سے میر نہال کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالیے ۔

یا

(ب) ’ دلی کی شام ‘ میں اصغر اپنے دور کے مسلم معاشرے کا نمائندہ کردار ہے ۔ واقعات کا حوالہ دے کر اصغر کے کردار کے بارے میں تفصیل سے لکھیے ۔

[25]

BLANK PAGE